QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 11

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ:15 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کے نئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 16 جولائی (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جناح ٹاون، بروری روڈ، ملک پلانٹ، جی او آر کالونی فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، خروٹ آباد، تکاتو، ویسٹرن بائی پاس، داریم، ادیان اور دوستین فیڈرز سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 17 جولائی کو (بروز جمعہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، کرانی، ہزارہ ٹاون، اے ون سٹی، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، واسا اور اولڈ سیٹلائٹ ٹاون فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی نیز اُسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، عسکری ون، صاحبزادہ اور ایف سی ٹروپس فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش کے باعث زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں اس سلسلے میں 16 جولائی کو 132kv مستونگ گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لک پاس، نیو لک پاس اور کھڈ کوچہ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ 17 جولائی کو 132kv زیارت گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

###